**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 24.10.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | تعلیم اور تحقیق کے درمیان فاصلے دور کر کے ہم جدت کو فروغ دے سکتے ہیں، گورنر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | کشمیری عوام کی قربانیاں تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، وزیر اعلیٰ بگٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے دن رات کوشاں ہیں، ولی محمد نورزئی۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | اسلام امن وآشتی کا مذہب احترام انسانیت کا درس دیتا ہے، صادق عمرانی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | لسبیلہ یونیورسٹی اور محکمہ لائیوسٹاک مل کر کام کریں گے، مفاہمتی یادداشت پر دستخط۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | پاکستان اور کشمیر کا رشتہ نظریے کی بنیاد پر استوار ہے، ڈاکٹر ربابہ بلیدی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | دکی پوسٹ کاشت کرنے والے 75 زمینداروں کے نام فورتھ شیڈول میں شامل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | قیادت کو طاقت کی بجائے خدمت کی علامت بنانا ہوگا، ثمینہ زہری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | سینٹ وفاقی وحدت اور صوبائی مساوات کی حقیقی علامت ہے، سیدال خان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | بی ایف سی کا قیام صوبے میں پائیدار ترقی میں مددگار ہوگا، بلال کاکڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | ضلعی انتظامیہ کا پلاسٹک تھیلوں کے خلاف کریک ڈاؤن 8 دکانیں سیل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | پولیو سے حفاظت کا عالمی دن آج منایا جائے گا۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | بلوچستان میں پہلی بار سکولوں میں طلبہ کے لیے ہیلتھ کیئر سینٹر کا آغاز۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کے خلاف درخواستوں پر وفاق اور صوبائی حکومت کو نوٹس جاری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | اداروں کو مضبوط اور صوبائی معیشت بہتر بنانے کے لیے قانون سازی کر رہے ہیں، اشوک کمار۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | حکومت کاروباری خدمت کو آسان بنانے کے لیے پرعزم ہے، سرمایہ کاری بورڈ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کے لیے ریٹرننگ افسران کی تقرری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | حکومت نے ٹریفک انجینئرنگ بیورو کے سروسز رولز کی منظوری دے دی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 20 | افغان کڈوال کو واپس بھیجنے کا نام پر روایات کی پامالی قابل مذمت ہے، پشتونخواہ میپ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 21 | صوبے کے مسائل سنگین حکمران اقتدار کی رسہ کشی میں مصروف ہیں، مولانا واسع۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 22 | حکمرانوں سے بلوچستان لانگ مارچ کے مطالبات منوائیں گے، ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 23 | قدرتی وسائل صوبے کو پسماندگی سے نکال سکتے ہیں، لشکری رئیسانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

دشت میں سرچ آپریشن بھاری تعداد میں غیر قانونی اسلحہ برآمد ہونے پر 3 افراد گرفتار، مغوی ڈی ایس پی نوشکی کی تشدد زدہ لاش کردگا سے برآمد، سر سینے اور جسم کے دیگر حصوں پر گولیاں ماری گئیں، گنداواہ مین اور آپ سیاہ کی ملکیت کے تنازہ پر دو فریقین کے درمیان شدید فائرنگ، ژوب چوروں کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق، حب سٹی پولیس کی کاروائی 5 جواری گرفتار۔

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

## عوامی مسائل:

گورنمنٹ ماڈل سکول قربان کالونی کی خستہ حال عمارت طلبہ کو مشکلات کا سامنا، چمن پسینجر ٹرین سروسز کی 10 روزہ معطلی سے عوام پریشان۔

**مورخہ 24.10.2025**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**صوبائی دارالحکومت میں سبزیوں کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ !** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ جہاں دیگر بڑے مسائل کا شکار ہے وہاں ایک بڑا اہم مسئلہ یہاں ہوشربا مہنگائی ہے۔ جو کہ پہلے سے موجود تھی لیکن حالیہ دنوں میں دیگر اشیاء خوردونوش کے ساتھ سبزیوں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگی ہیں۔ اس کی وجہ سے عوام میں بڑی پریشانی پائی جارہی ہے۔ عوام نے اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں اضافے کا ذمہ دار ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کو قرار دیتے ہوئے اس کے خاموش تماشائی بننے کی شکایت کررہے ہیں جو کہ یقیناً ان کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ اب یہاں مہنگائی کا یہ عالم ہے کہ کوئی بھی شے جن میں سبزیاں، گوشت، دالیں، آٹا اور پھل شامل ہیں۔ ان کی خریداری اب ایک غریب آدمی کی دسترس سے باہر ہوتی جارہی ہے۔ جو کہ اس کے ساتھ ناانصافی کے مترادف اقدام ہے۔ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں یہ ایک بہت بڑا المیہ ہے کہ یہاں تمام تاجروں کو کھلی چھٹی دی ہوتی ہے وہ اپنی مرضی سے اشیاء خوردونوش کے نرخ مقرر کرکے عوام پر فروخت کرتے ہیں چونکہ یہاں چیک اینڈ بیلنس کا کوئی نظام رائج نہیں ہے اس لیے وہ من مانی کرنے میں آزاد ہیں۔ اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کو ہر صورت میں فعال کرکے کارروائیاں شروع کرنی چاہئیں جو کہ موجودہ حالات میں ناگزیر ہے۔

## اداریے :

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**نامعلوم افراد نے مستونگ کی تحصیل دشت سے 9 مزدور اغوا کرلیا !** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Balochistan untapped potential" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

## مضامین :

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**پی بی 44 میں ترقی اور خوشحالی کا راج نئی تاریخ رقم** " کے عنوان سے قیوم بلوچ کا مضمون تحریر کیا ہے۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 24 OCT 2025 Page No. 1

# تعلیم اور تحقیق کے درمیان فاصلے دور کرکے ہم جدت کو فروغ دے سکتے ہیں، گورنر

## یونیورسٹیاں اپنا اکیڈمک قد اتنا بلند کریں کہ دوسرے صوبوں کے اسٹوڈنٹس علم کی پیاس بجھانے کیلئے یہاں کا رخ کریں

### کچن گارڈننگ خود انحصاری، غذائی تحفظ اور ماحول دوست طرزِ زندگی کے فروغ کی جانب ایک اہم قدم ہے، سیمینار سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ اپنی یونیورسٹیوں کے اکیڈمک قد کو اتنا بلند کریں کہ ہمارے صوبے سے اسٹوڈنٹس باہر جانے کے بجائے دوسرے صوبوں کے اسٹوڈنٹس علم کی پیاس بجھانے کے لئے یہاں کا رخ کریں۔ یہ تب ممکن ہوگا جب ہم میں سے ہر ایک اپنے اپنے حصے کا بھرپور کردار ادا کریگا۔ پبلک یونیورسٹیز کے اساتذہ کرام اپنا نصاب پڑھانے کے ساتھ ساتھ کاغذی ریسرچ کے بجائے اپلائیڈ ریسرچ پر بھی توجہ دیں۔ اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ ریسرچ سے سماج کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچے۔ تعلیم اور تحقیق کے درمیان فاصلوں کو ختم کرکے ہم جدت کو فروغ دے سکتے ہیں اور معاشی ترقی کو آگے بڑھا سکتے ہیں. یہ بات انہوں نے گذشتہ روز یونیورسٹی آف بلوچستان کے دورے کے موقع پر ٹینور ٹریک سسٹم کے فیکلٹی ممبرز سے گفتگو کرتے ہوئے کہی. گورنر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت اعلیٰ تعلیم، تحقیق، اختراع اور ادارہ جاتی جدیدیت کے فروغ کے لیے پُرعزم ہے۔ انہوں نے تحقیق کے لیے فنڈز میں اضافے، انفراسٹرکچر کی بہتری اور عالمی سطح پر جامعہ کی درجہ بندی کو بہتر بنانے کے لیے اجتماعی علمی و تحقیقی کاوشوں پر زور دیا۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ آج میری خواہش تھی کہ آپ کو براہ راست سن سکوں تاکہ زمینی حقائق سے درست آگاہی حاصل کرسکوں. انہوں اس بات پر یقین کا اظہار کیا کہ ماضی میں ہم سے سرزد ہونے والی غلطیوں کو ہرگز نہیں دہرائیں گے. ایک سوال کے جواب میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ جسطرح سندھ حکومت سندھی کی ترقی و ترویج کیلئے کوشاں ہے، میں ذاتی طور پر اپنی مادری زبانوں پشتو، بلوچی، براہوی اور دیگر کے تحفظ اور فروغ کیلئے ٹھوس اقدامات کرنے کیلئے پرعزم ہوں یہ ہماری قومی ذمہ داری ہے کہ ہم ان لسانی خزانوں کو محفوظ رکھیں، جو ہمارے ثقافتی ورثے اور قومی شناخت سے گہرے جڑے ہوئے ہیں۔

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گورنر بلوچستان جامعہ چانسلر شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ کچن گارڈننگ خود انحصاری، غذائی تحفظ اور ماحول دوست طرزِ زندگی کے فروغ کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ گھروں میں کچن گارڈننگ کو اپنائیں، کیونکہ اس طرح کے اقدامات نہ صرف غذائی قلت کے خاتمے میں مدد دیتے ہیں بلکہ ماحول کو سرسبز بنانے میں بھی کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گذشتہ روز جامعہ بلوچستان کے زیر اہتمام 'بلوچستان میں نوجوانوں کی شمولیت کے ذریعے زرعی تبدیلی : کچن گارڈننگ پروگرام/ اسٹڈی 13 کے اثرات میں اضافہ" کے عنوان سے ایک روزہ سیمینار بطور مہمانِ خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا، گورنر بلوچستان نے جامعہ بلوچستان کی جانب سے نوجوانوں کو پائیدار زراعت اور ماحولیاتی تحفظ میں فعال کردار ادا کرنے کے لیے حوصلہ افزائی کرنے کی کاوشوں کو سراہا۔ ۔وائس چانسلر جامعہ بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی نے مہمانِ خصوصی، مقررین، فیکلٹی ممبران اور مختلف جامعات سے آنے والے طلبہ کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ بلوچستان میں زراعت کے فروغ کے لیے تحقیق، اختراع اور نوجوانوں کی شمولیت ناگزیر ہے۔ انہوں نے جامعہ بلوچستان، یورپی یونین کے منصوبے "ریوائیول آف بلوچستان واٹر ریسورسز پروگرام"، انٹرنیشنل واٹر مینجمنٹ انسٹیٹیوٹ IWMI، اور فیکلٹی ٹریننگ اینڈ ڈیولپمنٹ سینٹر کے باہمی اشتراک کو سراہا۔ مہمان مقررین بیوٹمز یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ اور ڈاکٹر محمد ارشد ڈپٹی کنٹری ڈائریکٹر، انٹرنیشنل واٹر مینجمنٹ انسٹیٹیوٹ نے پانی کے پائیدار استعمال، جدید زرعی طریقوں اور نوجوانوں کی جدت پر مبنی تحقیقی کردار پر مفصل گفتگو کی۔



گورنر جعفر خان مندوخیل یونیورسٹی آف بلوچستان میں اسٹوڈنٹس سہولت مرکز کا افتتاح کررہے ہیں



کوئٹہ : گورنر جعفر مندوخیل انٹرنیشنل واٹر مینجمنٹ انسٹی ٹیوٹ کے زیر اہتمام کچن گارڈننگ کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 2

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

BC-L-1
2841993-2842016-2841078

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 35 روپے

جلد 54 جمعۃ المبارک ربیع الاول 1447ھ 24 اکتوبر 2025ء نمبر 291

# کشمیری عوام کی قربانیاں تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، وزیر اعلیٰ بگٹی

## کشمیریوں کی جدوجہد میں ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، آزاد کشمیر کے یوم تاسیس پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آزاد جموں وکشمیر کے یوم تاسیس کے موقع پر کشمیری عوام اور حکومتِ آزاد کشمیر کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن کشمیری عوام کی آزادی، خودمختاری اور عزم واستقامت کی علامت ہے، وزیر اعلیٰ نے کہا کہ 24 اکتوبر 1947 وہ تاریخی دن ہے جب کشمیری عوام نے ظلم و جبر کے خلاف علم آزادی بلند کیا اور اپنی آزاد حکومت کی بنیاد رکھی جو آج بھی ان کی جدوجہد آزادی کی زندہ مثال ہے انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے لیے ہمیشہ سفارتی و اخلاقی حمایت جاری رکھے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیاں تاریخ کے سنہری ابواب میں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے عوام اور حکومت کشمیری عوام کی جدوجہد میں ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یوم تاسیس آزاد کشمیر ہمیں اتحاد، استقامت اور قربانی کے اس جذبے کی یاد دلاتا ہے جو آزادی کی بنیاد بنا، اور آج بھی یہ جذبہ مظلوم کشمیریوں کی امید کا سرچشمہ ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Da

Bullet No. 1

Page No. 3


Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | جمعہ یکم جمادی الاول 1447ھ 24 اکتوبر 2025، صفحات 08 | شمارہ 109

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے


# کشمیری عوام کی قربانیاں تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، سرفراز بگٹی

## 1947 میں کشمیری عوام نے ظلم و جبر کے خلاف علم آزادی بلند کیا اور اپنی آزاد حکومت کی بنیاد رکھی

## پاکستانی قوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے، وزیر اعلیٰ کی یوم تاسیس پر مبارکباد

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آزاد جموں و کشمیر کے یوم تاسیس کے موقع پر کشمیری عوام اور حکومتِ آزاد کشمیر کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن کشمیری عوام کی آزادی، خودمختاری اور عزم و استقامت کی علامت ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ 24 اکتوبر 1947ء وہ تاریخی دن ہے جب کشمیری عوام نے ظلم و جبر کے خلاف علمِ آزادی بلند کیا اور اپنی آزاد حکومت کی بنیاد رکھی جو آج........

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

بھی اُن کی جدوجہد آزادی کی زندہ مثال ہے انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے لیے ہمیشہ سفارتی و اخلاقی حمایت جاری رکھے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیاں تاریخ کے سنہری ابواب میں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے عوام اور حکومت کشمیری عوام کی جدوجہد میں ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یوم تاسیس آزاد کشمیر ہمیں اتحاد، استقامت اور قربانی کے اُس جذبے کی یاد دلاتا ہے جو آزادی کی بنیاد بنا، اور آج بھی یہ جذبہ مظلوم کشمیریوں کی امید کا سرچشمہ ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

1

Page No. 4

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 310 | جمعۃ المبارک، یکم جمادی الاول، 24 اکتوبر 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# یوم تاسیس کشمیری عوام کی آزادی، خود مختاری، عزم و استقامت کی علامت، میر سرفراز بگٹی

## 24 اکتوبر 1947 کو نہتے کشمیریوں نے ظلم اور جبر کے خلاف آزادی کا جھنڈا بلند کیا اور اپنی حکومت کی بنیاد رکھی

## پاکستانی قوم مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے سفارتی و اخلاقی حمایت کرتی رہے گی، اہل بلوچستان ساتھ کھڑے ہیں، وزیر اعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آزاد جموں و کشمیر کے یوم تاسیس کے موقع پر کشمیری عوام اور حکومت آزاد کشمیر کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن کشمیری عوام کی آزادی، خود مختاری اور عزم و استقامت کی علامت ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ 24 اکتوبر 1947ء وہ تاریخی دن ہے جب کشمیری عوام نے ظلم و جبر کے خلاف علم آزادی بلند کیا اور اپنی آزاد حکومت کی بنیاد رکھی جو آج بھی ان کی (باقی صفحہ 5 نمبر 4)

جدوجہد آزادی کی زندہ مثال ہے انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے لیے ہمیشہ سفارتی و اخلاقی حمایت جاری رکھے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیاں تاریخ کے سنہری ابواب میں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے عوام اور حکومت کشمیری عوام کی جدوجہد میں ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یوم تاسیس آزاد کشمیر ہمیں اتحاد، استقامت اور قربانی کے اس جذبے کی یاد دلاتا ہے جو آزادی کی بنیاد بنا، اور آج بھی یہ جذبہ مظلوم کشمیریوں کی امید کا سرچشمہ ہے۔

CamScanner

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایس سی I-4

قیمت 30 روپے

صفحات 6

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com,
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | جمعہ 24 اکتوبر 2025ء بمطابق یکم جمادی الاول 1447ھ | شمارہ نمبر 291


# کشمیریوں کی اخلاقی وسفارتی مدد جاری رہے گی، میر سرفراز بگٹی

## بلوچستان کے عوام کشمیریوں کی جدوجہد میں شانہ بشانہ ہیں، وزیراعلیٰ یوم تاسیس کی مبارکباد

کوئٹہ(خ ن)وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آزاد جموں وکشمیر کے یوم تاسیس کے موقع پر کشمیری عوام اور حکومت آزاد کشمیر کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن کشمیری عوام کی آزادی، خودمختاری اور عزم و استقامت کی علامت ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ 24 اکتوبر 1947ء وہ تاریخی دن ہے جب کشمیری عوام نے ظلم و جبر کے خلاف علم آزادی بلند کیا اور اپنی آزاد حکومت کی بنیاد رکھی جو آج

بقیہ نمبر 48 صفحہ 5 پر

بھی ان کی جدوجہد آزادی کی زندہ مثال ہے انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے لیے ہمیشہ سفارتی واخلاقی حمایت جاری رکھے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیاں تاریخ کے سنہری ابواب میں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے عوام اور حکومت کشمیری عوام کی جدوجہد میں ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یوم تاسیس آزاد کشمیر ہمیں اتحاد، استقامت اور قربانی کے اُس جذبے کی یاد دلاتا ہے جو آزادی کی بنیاد بنا، اور آج بھی یہ جذبہ مظلوم کشمیریوں کی امید کا سرچشمہ ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1　　　Page No. 6

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر۔24 | جمعہ 24 اکتوبر 2025ء بمطابق یکم جمادی الاول 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔290

## یوم تاسیس کشمیری عوام کی آزادی، خودمختاری اور عزم واستقامت کی علامت ہے، سرفراز بگٹی

### پاکستانی قوم مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے لیے ہمیشہ سفارتی واخلاقی حمایت جاری رکھے گی

کوئٹہ، (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آزاد جموں وکشمیر کے یوم تاسیس کے موقع پر کشمیری عوام اور حکومتِ آزاد کشمیر کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے (بقیہ نمبر 32 صفحہ نمبر 2 پر)

کہ یہ دن کشمیری عوام کی آزادی، خودمختاری اور عزم و استقامت کی علامت ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ 24 اکتوبر 1947ء وہ تاریخی دن ہے جب کشمیری عوام نے ظلم وجبر کے خلاف علم آزادی بلند کیا اور اپنی آزاد حکومت کی بنیاد رکھی جو آج بھی اُن کی جدوجہد آزادی کی زندہ مثال ہے انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے لیے ہمیشہ سفارتی واخلاقی حمایت جاری رکھے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیاں تاریخ کے سنہری ابواب میں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے عوام اور حکومت کشمیری عوام کی جدوجہد میں ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یوم تاسیس آزاد کشمیر ہمیں اتحاد، استقامت اور قربانی کے اُس جذبے کی یاد دلاتا ہے جو آزادی کی بنیاد بنا، اور آج بھی یہ جذبہ مظلوم کشمیریوں کی امید کا سرچشمہ ہے۔

روزنامہ باخبر کوئٹہ
THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
بانی اکرام اللہ خان
جلد 29 | جمعہ 24۔ اکتوبر 2025ء بمطابق یکم جمادی الاول 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 290

# بلوچستان کے عوام اور حکومت کشمیری عوام کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، وزیر اعلیٰ

## پاکستانی قوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور مسئلہ کشمیر کے پر امن حل کے لیے ہمیشہ سفارتی و اخلاقی حمایت جاری رکھے گی

### یوم تاسیس آزاد کشمیر ہمیں اتحاد، استقامت اور قربانی کے اُس جذبے کی یاد دلاتا ہے جو آزادی کی بنیاد بنا، میر سرفراز بگٹی کا آزاد کشمیر کے یوم تاسیس پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آزاد جموں و کشمیر کے یوم تاسیس کے موقع پر کشمیری عوام اور حکومتِ آزاد کشمیر کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن کشمیری عوام کی آزادی، خودمختاری اور عزم و استقامت کی علامت ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ 24 اکتوبر 1947ء وہ تاریخی دن ہے جب کشمیری عوام نے ظلم و جبر کے خلاف علمِ آزادی بلند کیا اور اپنی آزاد حکومت کی بنیاد رکھی جو آج بھی اُن کی جدوجہدِ آزادی کی زندہ مثال ہے انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے لیے ہمیشہ سفارتی و اخلاقی حمایت جاری رکھے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیاں تاریخ کے سنہری ابواب میں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے عوام اور حکومت کشمیری عوام کی جدوجہد میں ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یومِ تاسیس آزاد کشمیر ہمیں اتحاد، استقامت اور قربانی کے اُس جذبے کی یاد دلاتا ہے جو آزادی کی بنیاد بنا، اور آج بھی یہ جذبہ مظلوم کشمیریوں کی امید کا سرچشمہ ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1 Page No. 8


DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | جمعہ 24 اکتوبر 2025ء یکم جمادی الاول 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 291


## وزیر اعلیٰ بلوچستان: کشمیریوں کی جدوجہد میں انکے شانہ بشانہ کھڑے ہیں

### 24 اکتوبر 1947ء وہ تاریخی دن ہے جب کشمیری عوام نے ظلم و جبر کے خلاف علمِ آزادی بلند کیا اور اپنی آزاد حکومت کی بنیاد رکھی جو آج بھی اُن کی جدوجہدِ آزادی کی زندہ مثال ہے

### یومِ تاسیس آزاد کشمیر ہمیں اتحاد، استقامت اور قربانی کے اُس جذبے کی یاد دلاتا ہے جو آزادی کی بنیاد بنا، اور آج بھی یہ جذبہ مظلوم کشمیریوں کی امید کا سرچشمہ ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آزاد جموں و کشمیر کے یوم تاسیس کے موقع پر کشمیری عوام اور حکومتِ آزاد کشمیر کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن کشمیری عوام کی آزادی، خودمختاری اور عزم و استقامت کی علامت ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ 24 اکتوبر 1947ء وہ تاریخی دن ہے جب کشمیری عوام نے ظلم و جبر کے خلاف علمِ آزادی بلند کیا اور اپنی آزاد حکومت کی بنیاد رکھی جو آج بھی اُن کی جدوجہدِ آزادی کی زندہ مثال ہے انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے لیے ہمیشہ سفارتی و اخلاقی حمایت جاری رکھے گی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیاں تاریخ کے سنہری ابواب میں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے عوام اور حکومت کشمیری عوام کی جدوجہد میں ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یومِ تاسیس آزاد کشمیر ہمیں اتحاد، استقامت اور قربانی کے اُس جذبے کی یاد دلاتا ہے جو آزادی کی بنیاد بنا، اور آج بھی یہ جذبہ مظلوم کشمیریوں کی امید کا سرچشمہ ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan Tim

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1258 QUETTA Friday October 24, 2025 / Jumadi ul-Awal 01, 14

# Buledi hails sacrifices on Azad Kashmir Govt Foundation Day

**Staff Report**

**QUETTA:** The Adviser to the Chief Minister of Balochistan for the Women Development Department Dr. Rubaba Khan Buledi stated that on October 24, 1947, Azad Kashmir attained the status of a free state—a luminous chapter in the history of the subcontinent that symbolizes freedom, sacrifice, and resilience, reminding the world that when a nation unites for its right to self-determination, no power can suppress its desire for freedom.

She expressed these views in her special message on the occasion of the 78th Foundation Day of Azad Kashmir. Dr. Rubaba Khan Buledi said that this day is a tribute to the great martyrs, veterans, and freedom fighters who stood firm against tyranny, oppression, and slavery, noting that the brave people of Kashmir have always set an example of sacrifice and continue their peaceful struggle for freedom and identity. She further stated that the bond between Pakistan and Azad Kashmir is rooted in faith, sacrifice, culture, and ideology, affirming that the people of Balochistan share the sorrows and struggles of their Kashmiri brothers and will continue to extend moral, political, and diplomatic support for their right to self-determination on every platform. She added that Azad Kashmir represents the ideological continuity of Pakistan and stands as a symbol of national unity.

She said that under the leadership of Chief Minister Mir Sarfraz Bugti, the provincial government is taking visionary steps for the development of women, youth, and underprivileged segments so the people can play an active role in national progress, a spirit of solidarity that is also the essence of Azad Kashmir's foundation. Dr. Rubaba Khan Buledi concluded that the Foundation Day is not only a day of independence and celebration but also a day to renew a pledge of national duty, unity, and harmony, emphasizing that everyone must reaffirm their commitment to a strong, peaceful, and prosperous Pakistan to ensure future generations inherit a society built on peace, justice, and progress.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 24 OCT 2025 Page No. 10

## لسبیلہ یونیورسٹی اور محکمہ لائیوسٹاک مل کر کام کرینگے، مفاہمتی یادداشت پر دستخط

**اساتذہ اس صوبے کا اثاثہ، ریسرچ اور آرگینک پروڈکٹ پر کام کریں جن کی ڈیمانڈ روز بروز بڑھتی جارہی ہے، صاحبزادہ فیصل جمالی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ بلوچستان سردار زادہ فیصل خان جمالی، پارلیمانی سیکریٹری برائے سیاحت و ثقافت بلوچستان نوابزادہ میر زرین خان مگسی، سیکریٹری محکمہ لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ محمد طیب لہڑی، ڈائریکٹر جنرل اینیمل ہیلتھ اینڈ ایکسٹینشن سروسز لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ محکمہ بلوچستان ڈاکٹر محمد فاروق ترین نے لسبیلہ یونیورسٹی اف ایگریکلچر، واٹر میرین سائنسز کا دورہ کر کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالمالک ترین سے ملاقات کی۔ علاوہ ازیں صوبائی وزیر کی قیادت میں وفد نے مختلف فیکلٹی کے ڈینز، شعبہ جات کے سربراہان اور انتظامی افسروں کے ساتھ ایک

اجلاس منعقد کیا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالمالک ترین نے یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات، نصابی و غیر نصابی سرگرمیوں، سہولیات، طلبا کے اسکالرشپ اور دیگر امور پر اجلاس کو بریفنگ دی۔ انہوں نے کہا کہ لسبیلہ یونیورسٹی مختلف اور اہم شعبوں میں بی ایس اور ایم ایس کی ڈگری فراہم کر رہی ہے معیاری تعلیم پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے جبکہ غیر نصابی سرگرمیاں بھی جاری ہے۔ لسبیلہ یونیورسٹی وفاقی وزیر جام کمال خان کا ایک تحفہ ہے جو کہ علم کی شمع روشن کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ صوبائی وزیر لائیوسٹاک سردارزاد فیصل خان جمالی نے کہا کہ لائیوسٹاک ڈیپارٹمنٹ اہمیت کا حامل ہے اس محکمے کی بہت افادیت ہے۔ اس کو بہتر بنانے کے لیے مزید کام کرنے کی ضرورت ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ یونیورسٹی کے اساتذہ کرام اس صوبے کے اثاثہ ہیں وہ ریسرچ اور ارگینک پروڈکٹ پر کام کریں جن کی ڈیمانڈ روز بروز بڑھتی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ لائیوسٹاک لسبیلہ یونیورسٹی کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پارلیمانی سیکریٹری سیاحت و ثقافت میر زرین خان مگسی نے کہا کہ ضلع لسبیلہ بہت سرسبز اور زرخیز ہے جغرافیائی طور پر اس کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ لسبیلہ یونیورسٹی اور محکمہ لائیوسٹاک ریسرچ اور دیگر متعلقہ شعبوں میں جو کام کریں گے ان کا بھرپور ساتھ دیا جائے گا۔ لائیو اسٹاک کے سیکریٹری محمد طیب لہڑی نے اجلاس کو بتایا کہ لسبیلہ میں ثیارو فارم فنکشنل ہے جو یونیورسٹی کے اسکالرز اور طلبا کے لیے ریسرچ کے حوالے سے بہت اہم ہے۔ یونیورسٹی کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائے گی۔ اس موقع پر یونیورسٹی اور محکمہ لائیوسٹاک نے مشترکہ طور پر کام کرنے کے حوالے سے ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط بھی کیے۔ مفاہمتی یادداشت کے مطابق مستقبل کی ترقیاتی پالیسیوں کے لیے سفارشات تیار کرنے جانوروں اور ویٹرنری سائنسز کے مختلف پہلوؤں پر قومی اور بین الاقوامی کانفرنس اور سیمینار کے انعقاد میں ہم آہنگی پیدا کریں گے۔

INTEKHAB QUETTA

## بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے دن رات کوشاں ہیں' ولی محمد نورزئی

**اجتماعی منصوبوں کی بروقت تکمیل ترجیح ہے عوام کو ریلیف ملے گا' ن لیگ کے وفد سے گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا ہے کہ عوامی فلاح و بہبود اور تعمیر و ترقی کے لیے شروع کیے جانے والے منصوبوں کی بروقت تکمیل اولین ترجیح ہے، تا کہ عوام ان منصوبوں کی تکمیل سے براہ راست استفادہ حاصل کر سکیں انہوں نے مسلم لیگ ن کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں جاری تمام نوعیت کے ترقیاتی

بقیہ نمبر 8 صفحہ 5 پر

منصوبہ جات عوام کا حق ہے، ہمارا عوام پر کوئی احسان نہیں حکومت کے ساتھ مل کر صوبے بھر کے تمام پسماندہ علاقوں کیلئے تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی، بجلی، سڑکیں اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے شب و روز کوشاں ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

## اسلام امن و آشتی کا مذہب، احترام انسانیت کا درس دیتا ہے' صادق عمرانی

**پاکستان عالم اسلام کا قلعہ، اقلیتوں کیلئے محفوظ جنت نظیر جہاں ہر مذہب کے رہنے والوں کو مکمل آزادی حاصل ہے' صوبائی وزیر آبپاشی**

**اسلام میں انتہاء پسندی و دہشت گردی کی اجازت نہیں بلکہ یہ امن، محبت، اخوت، رواداری اور احترام انسانیت کا درس دیتا' مولانا عبدالخبیر آزاد**

**پاکستان میں تمام اقلیتیں محفوظ انہیں تمام آئینی حقوق حاصل ہیں' ایمبسڈر آف لو ڈاکٹر لیف اہتھلن و دیگر کا انٹرنیشنل بین المذاہب امن کانفرنس سے خطاب**

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں انٹرفیتھ کونسل فار پیس اینڈ ہارمنی کے زیر اہتمام انٹرنیشنل بین المذاہب امن کانفرنس منعقد ہوئی، جس کی صدارت چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان/خطیب و امام بادشاہی مسجد لاہور/چیئرمین انٹرفیتھ کونسل فار پیس اینڈ ہارمنی پاکستان/چیئرمین مجلس علماء پاکستان سفیر امن مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد نے کی جبکہ کانفرنس کے مہمان خصوصی صوبائی وزیر آبپاشی بلوچستان میر صادق عمرانی تھے، کانفرنس میں تمام ادیان عالم کے رہنماء اور تمام مکاتب فکر کے جید علماء کرام و مشائخ عظام و سماجی ......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

شخصیات نے شرکت و خطاب کیا جن میں ایمبسڈر آف لو ڈاکٹر لیف اہتھلن، سردار حافظ نظام الدین بلوچ، مولانا انوار الحق حقانی، علامہ سید ہاشم موسوی، ڈاکٹر مرقس فدا، پادری سائمن بشیر، سردار جس بیر سنگھ، علامہ جمعہ اسدی، قاری مہر اللہ، بشپ ڈاکٹر امانت مسیح، مفتی محمد روزی خان بادوزئی، پنڈت راج پراچہ، پنڈت شہزاد کمار، حافظ ادریس مغل، علامہ ابرار علی نادری، علامہ سید علی رضا اخلاقی، فادر سمسون شاکر، علامہ ولایت حسین جعفری، مولانا عرفان رشید عطاری، مولانا منیر احمد عطاری، علامہ نصر اللہ حسینی، قاری عبدالحفیظ، طاہر رشید، مولانا عبدالباری شہزاد، مولانا راز محمد اچکزئی، مولانا احسان اللہ فاروقی، پاسٹر یوحنا صادق، پاسٹر کلیم پادری، شاہد برکت، سردار وکرم سنگھ، سردار راج ویر سنگھ، سید عتیق الرحمان شاہ، مولانا صالح محمد لانگو، حافظ رشید احمد، سردار محمد اقبال علی، مولانا عبدالرحمٰن نورزئی، مولانا عصمت اللہ حقانی، مفتی عبدالرحمان شاہوانی، پروفیسر ظفر اللہ جان، حافظ عبدالرازق آزاد، حاجی غلام حسین، مولانا یعقوب عباس و دیگر

## پاکستان اور کشمیر کا رشتہ نظریے کی بنیاد پر استوار ہے' ڈاکٹر ربابہ بلیدی

**جب کوئی قوم اپنے حقِ خودارادیت کیلئے متحد ہو جائے تو کوئی طاقت اس کی آزادی کی خواہش دبانے میں کامیاب نہیں ہوسکتی**

**آزاد کشمیر کا یوم تاسیس کشمیری عوام کیلئے نہ صرف جشنِ آزادی بلکہ قومی فرض، اتحاد اور یکجہتی کے عزمِ نو کا دن بھی ہے، صوبائی مشیر**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ 24 اکتوبر 1947 کو آزاد کشمیر نے ایک آزاد ریاست کا درجہ حاصل کیا جو برصغیر کی تاریخ میں آزادی، قربانی اور استقامت کا وہ روشن باب ہے جس نے پوری دنیا کو یاد دلایا کہ جب ایک قوم اپنے حق خودارادیت کے لیے متحد ہو جائے تو کوئی طاقت اس کی آزادی کی خواہش کو دبانے میں کامیاب نہیں ہو سکتی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آزاد کشمیر کے 78 ویں یوم تاسیس کے موقع پر جاری اپنے خصوصی پیغام میں کیا۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ یہ دن دراصل اُن عظیم شہداء، غازیوں اور مجاہدینِ آزادی کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے جنہوں نے ظلم، جبر اور غلامی کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ کشمیر کے بہادر عوام نے ہمیشہ قربانیوں، عزم اور حوصلے کی ایک مثال قائم کی اور آج بھی اپنی آزادی اور شناخت کی بقا کے لیے پُرامن جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور کشمیر کا رشتہ ایمان، قربانی، ثقافت اور نظریے کی بنیاد پر استوار ہے۔ بلوچستان کے عوام کشمیری بھائیوں کے دکھ درد میں برابر کے شریک ہیں اور ہر فورم پر ان کے حقِ خودارادیت کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کا یوم تاسیس آزاد کشمیر کے عوام کے لئے نہ صرف جشنِ آزادی کا دن ہے بلکہ اپنے قومی فرض، اتحاد اور یکجہتی کے عزمِ نو کا دن بھی ہے۔ ہم سب کو اس موقع پر یہ عہد کرنا چاہیے کہ ہم ایک مضبوط، پرامن اور خوشحال پاکستان کے لیے متحد رہیں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 24 OCT 2025 Page No. 11

## بی ایف سی کا قیام صوبے میں پائیدار ترقی میں مددگار ہوگا، بلال کاکڑ

### حکومت کاروباری خدمات کو ڈیجیٹل اور آسان بنانے کیلئے پرعزم ہے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی خصوصی ہدایت پر بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ کی زیرِ صدارت بلوچستان بزنس فیسلیٹیشن سینٹر (BFC) کے قیام کے حوالے سے ایک اہم مشاورتی اجلاس ہوا۔ جس میں پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ (PITB)، بزنس فیسلیٹیشن سینٹر اسلام آباد کے نمائندوں، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے سی ای او قائم لاشاری و دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ پنجاب آئی ٹی بورڈ کے نمائندوں نے پنجاب میں کاروباری سہولیات اور ڈیجیٹل گورننس کے نظام کے قیام کے تجربات اور تکنیکی ماہرین کی خدمات سے آگاہ کیا۔ اجلاس میں بلوچستان میں بزنس فیسلیٹیشن سینٹر کے قیام کے لیے تکنیکی تعاون، ڈیجیٹل انضمام اور معلومات کے تبادلے کے امکانات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ بلال خان کاکڑ نے اس موقع پر کہا کہ حکومتِ بلوچستان کاروباری خدمات کو ڈیجیٹل اور آسان بنانے کیلئے پرعزم ہے تاکہ ایک شفاف، موثر اور سرمایہ کار دوست ماحول فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان بزنس فیسلیٹیشن سینٹر سرمایہ کاروں اور کاروباری طبقے کے لیے ایک ون اسٹاپ پلیٹ فارم ہوگا، جہاں کاروباری رجسٹریشن، لائسنسنگ اور دیگر خدمات ایک ہی جگہ پر فراہم کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومتِ بلوچستان اس مرکز کے جلد قیام کے لیے پرعزم ہے تاکہ کاروباری سہولت، سرمایہ کاری کے فروغ اور صوبے میں پائیدار اقتصادی ترقی کو یقینی بنایا جا سکے۔

## دکی: پوست کاشت کرنیوالے 75 زمینداروں کے نام فورتھ شیڈول میں شامل

### ان کی جائیدادیں ضبط تصور ہوں گی، اثاثوں کی جانچ پڑتال سی ٹی ڈی کے ذریعے کیجائیگی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان حکومت نے پوست کی کاشت کرنے والے دکی 75 زمینداروں کے نام فورتھ شیڈول میں شامل کر دیئے۔ محکمہ داخلہ بلوچستان حکام کے مطابق بلوچستان حکومت نے صوبے میں پوست کی کاشت میں ملوث عناصر اور زمینداروں کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا ہے، ابتدائی طور پر دکی کے 75 زمینداروں کے نام فورتھ شیڈول میں شامل کر دیئے گئے ہیں جبکہ چمن، قلعہ عبداللہ، لورالائی، موسیٰ خیل، ژوب، قلات سمیت دیگر علاقوں میں بھی پوست کی کاشت میں ملوث افراد کی نشاندہی ہو چکی ہے۔ ان کے نام بھی فورتھ شیڈول میں شامل کئے جائیں گے۔ فورتھ شیڈول میں شامل ہونے والے زمیندار کی تمام جائیدادیں ضبط تصور ہوں گی، زمینداروں کے اثاثوں کی جانچ پڑتال سی ٹی ڈی کے ذریعے کی جائے گی، زمیندار اپنی سفری تفصیلات اور ٹھکانوں سے متعلق لیویز اور پولیس تھانے کو آگاہ کرے گا اور اجازت لے گا۔ زمیندار اپنا پاسپورٹ متعلقہ پولیس یا لیویز تھانے کے پاس جمع کروائے گا۔

## سینیٹ وفاقی وحدت، اور صوبائی مساوات کی حقیقی علامت ہے، سیدال خان

### نیشنل ورکشاپ بلوچستان قومی ہم آہنگی، عوامی شمولیت اور استحکام پاکستان کے فروغ میں سنگ میل ثابت ہوگی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا ہے کہ سینیٹ آف پاکستان وفاقی وحدت، ادارہ جاتی ہم آہنگی اور صوبائی مساوات کی حقیقی علامت ہے۔ سینیٹ تمام صوبوں کو مساوی نمائندگی فراہم کرتا ہے تاکہ ہر علاقے کی آواز قومی پالیسیوں میں سنی اور شامل کی جا سکے۔ یہ بات انہوں نے نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء کے اعزاز میں منعقدہ استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے انعقاد پر منتظمین اور شرکاء کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ نیشنل ورکشاپ بلوچستان جیسے پروگرام مستقبل کے رہنماؤں کو تربیت دینے اور قومی پالیسیوں کے حوالے سے بہتر فہم فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ یہ ورکشاپ نہ صرف بلوچستان کے مسائل کے فہم اور ان کے دیرپا حل کے لیے اہم ہے بلکہ قومی یکجہتی کے فروغ میں بھی کلیدی ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ نیشنل ورکشاپ بلوچستان قومی ہم آہنگی، عوامی شمولیت اور استحکام پاکستان کے فروغ میں سنگ میل ثابت ہوگی۔

## قیادت کو طاقت کی بجائے خدمت کی علامت بنانا ہوگا، ثمینہ زہری

### بلوچستان حوصلے، استقامت اور بے پناہ قوت کی سرزمین ہے، جنیوا میں خطاب

جنیوا (آن لائن) چیئرپرسن سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے جنیوا میں منعقدہ 151 ویں انٹر پارلیمنٹری یونین (IPU) اسمبلی کے دوران خواتین اراکین پارلیمان کے فورم میں دنیا بھر سے آئے قانون سازوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں قیادت کو طاقت اور مراعات کی علامت کے بجائے خدمت اور مقصد کی قوت بنانا ہوگا اور غلبے سے وقار کی طرف سفر کرنا ہوگا۔ انہوں نے پاکستان، سینیٹ اور اپنے صوبہ بلوچستان کی نمائندگی کرتے ہوئے پسماندہ طبقات کی مضبوطی اور قوم کی تعمیر میں خواتین کے کردار کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے "تبدیلی لانے والی قیادت اپنے دائرہ اختیار میں ایک زیادہ متوازن دنیا کی تعمیر" کے موضوع پر گفتگو کی جس میں پاکستان میں خواتین کے حقوق کے فروغ کے لیے قانون سازی، پارلیمانی نگرانی اور وکالت کے ذریعے حاصل ہونے والی پیش رفت پر روشنی ڈالی۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے فخریہ کہا کہ میں ایک ایسی سرزمین سے آئی ہوں جو اکثر نظرانداز کی جاتی رہی ہے مگر وہ زمین دراصل حوصلے، استقامت اور بے پناہ قوت کی سرزمین ہے۔ جب بھی بلوچستان کی کوئی خاتون کمیٹی کی سربراہی کرتی ہے، اصلاحات کا مسودہ تیار کرتی ہے، یا انصاف کے لیے آواز بلند کرتی ہے تو وہ صرف ایک رکاوٹ ہی نہیں ہٹاتی بلکہ تاریخ رقم کرتی ہے۔

## پولیو سے حفاظت کا عالمی دن آج منایا جائیگا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان سمیت دنیا بھر میں پولیو سے حفاظت کا عالمی دن آج 24 اکتوبر کو منایا جائے گا اس موقع پر ملک بھر میں محکمہ صحت کے زیر اہتمام تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا پر خصوصی مضامین اور پروگرام شائع و نشر کئے جائیں گے جس میں ماہرین صحت پولیو سے حفاظت کے متعلق آگاہی فراہم کریں گے پاکستان میں یہ دن خصوصی طور پر ان پولیو ورکرز کی انتھک کوششوں کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے منایا جا رہا ہے جو انسداد پولیو مہم کے دوران ملک کے کونے کونے میں خدمات انجام دیتے ہیں۔

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک دن کے وقفے کے بعد آج سہ پہر تین بجے ہوگا جس میں جمعیت علما اسلام کے رکن ڈاکٹر محمد نواز کبزئی مرغہ کبزئی کو تحصیل کا درجہ دینے اور جماعت اسلامی کے رکن ہدایت الرحمٰن بلوچ سی پیک فیز ٹو میں بلوچستان کے بڑے پراجیکٹ شامل کرانے کے حوالے سے الگ الگ قراردادیں جبکہ جماعت اسلامی کے رکن مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ پولیس ملازمین کی تنخواہیں ملک کے دیگر صوبوں کے برابر لانے کی بابت توجہ دلاؤ نوٹس پیش کریں گے۔ وقفہ سوالات میں محکمہ کیو ڈی اے اور محکمہ محنت و افرادی قوت سے متعلق سوالات کے جوابات دیئے جائیں گے۔

## ضلعی انتظامیہ کا پلاسٹک تھیلوں کیخلاف کریک ڈاؤن، 8 دکانیں سیل

### 10 دکاندار گرفتار، 7 جیل منتقل، 410 کلوگرام ممنوعہ پلاسٹک تھیلے ضبط کر لیے گئے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ضلعی انتظامیہ کا ممنوعہ پلاسٹک تھیلوں کے خلاف کریک ڈاؤن، 8 پلاسٹک ہول سیل دکانیں سیل، 10 دکاندار گرفتار، جبکہ 7 کو جیل منتقل کر دیا تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ کی ٹیموں نے نواں کلی، جناح ٹاؤن، مسجد روڈ، طوغی روڈ، کاسی روڈ، سریاب روڈ، برما ہوٹل سمیت مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 8 پلاسٹک ہول سیل دکانیں سیل کر دیں 10 افراد کو گرفتار کیا جبکہ 7 افراد کو جیل منتقل کیا گیا کارروائیوں کے دوران 410 کلوگرام ممنوعہ پلاسٹک تھیلے ضبط کر لیے گئے کارروائیاں اسپیشل مجسٹریٹ (سریاب) عزت اللہ، اسپیشل مجسٹریٹ (صدر) حبیب سردار اور اسپیشل مجسٹریٹ (سٹی) ڈاکٹر عمران زیب کی زیر نگرانی کی گئیں ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ ممنوعہ پلاسٹک تھیلوں کے خلاف کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated 24 OCT 2025 Page No. 12


## بلوچستان میں پہلی بار اسکولوں میں طلبہ کیلئے ہیلتھ کیئر سینٹرز کا آغاز

**پروگرام کا مقصد صوبے کے تعلیمی نظام میں انسانی خدمت پر مبنی ترقیاتی پہلوؤں کو فروغ دینا ہے**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار اسکولوں میں طلبہ کے لیے ہیلتھ کیئر سینٹرز کا آغاز کر دیا گیا ہے اس کا مقصد صوبے کے تعلیمی نظام میں جدید، عملی اور انسانی خدمت پر مبنی ترقیاتی پہلوؤں کو فروغ دینا ہے ابتدائی مرحلے میں یہ پروگرام بلوچستان کے پانچ اضلاع ژوب، قلعہ سیف اللہ، پشین، کچھی اور گوادر میں شروع کیا گیا ہے ان ہیلتھ کیئر سینٹرز میں 600 طلبہ وطالبات کو نو ماہ پر مشتمل ہیلتھ کیئر کورس کرایا جا رہا ہے اس پروگرام میں بلوچستان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کی تکنیکی معاونت بھی شامل ہے ادارے کے وائس چانسلر شبیر لہڑی اور ان کے اعلیٰ تعلیم یافتہ عملے نے شب و روز محنت اور لگن سے پروگرام کا نصاب ترتیب دیا کورسز کے لیے تجربہ کار نرسز، میڈیکل آفیسرز اور صحت کے پس منظر کے حامل اسٹر کٹرز کو تعینات کیا گیا ہے ان ترقیاتی مراکز کو جدید آلات، میڈیکل ماڈلز، ٹریننگ کٹس اور دیگر تکنیکی معاون مواد سے لیس کیا گیا ہے۔

## ماسٹر اینڈ منرلز ایکٹ کیخلاف درخواستوں پر وفاق اور صوبائی حکومت کو نوٹس جاری

**محکمہ معدنیات اور ایڈووکیٹ جنرل کو بھی نوٹس جاری، سماعت دو ہفتے کیلئے ملتوی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس محمد عامر نواز رانا اور جسٹس سردار احمد حلیمی پر مشتمل بنچ نے بلوچستان اسمبلی سے منظور ہونے والے ماسٹر اینڈ منرلز ایکٹ کے خلاف نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی سمیت سیاسی رہنماؤں کی جانب سے دائر آئینی درخواستوں پر وفاقی، صوبائی حکومتوں، محکمہ معدنیات اور ایڈووکیٹ جنرل کو نوٹس جاری کرتے ہوئے [illegible] نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی کی جانب سے [illegible] [illegible] ایڈووکیٹ [illegible] کے بعد [illegible] بلوچستان اسمبلی سے ماسٹر اینڈ منرلز ایکٹ [illegible] نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے بلوچستان ہائیکورٹ میں [illegible] آئینی درخواستیں جمع کرائی تھی جس پر آج بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس محمد عامر نواز رانا اور جسٹس سردار احمد حلیمی پر مشتمل دو رکنی بنچ نے آئینی درخواستوں کی سماعت کی دوران سماعت نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی عدالت میں پیش ہوئے۔ سماعت کے دوران عدالت نے ایڈووکیٹ جنرل سے استفسار کیا کہ حکومت کی جانب سے جواب تیار کیا گیا ہے یا نہیں جس پر ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل ظہور احمد بلوچ نے عدالت کو بتایا کہ ان کا جواب تیار نہیں اور انہوں نے مہلت طلب کی [illegible] دوران سماعت نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی کی جانب سے گزشتہ ہفتے دائر آئینی درخواست جس میں انہوں نے موقف اختیار کیا تھا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اعلان کیا ہے کہ ماسٹر اینڈ منرلز ایکٹ پر عملدرآمد کو تاحکم ثانی روک دیا گیا ہے درخواست گزار نے مذکورہ ایگزیکٹو آرڈر عدالت میں جمع کرانے کی استدعا کی جس پر عدالت نے وفاقی، صوبائی حکومتوں اور محکمہ معدنیات اور ایڈووکیٹ جنرل کو نوٹسز جاری کئے اور ان سے جواب طلب کیا ہے اور سماعت دو ہفتے تک کیلئے ملتوی کردی۔ اس موقع پر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سیاسی کارکنوں، سول سوسائٹی سے تعلق رکھنے والے افراد کا سینکڑوں کی تعداد میں عدالت آمد پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ماسٹر اینڈ منرلز ایکٹ 2025 کے خلاف ہماری سیاسی و آئینی جنگ آئندہ نسلوں کی بقا، خوشحالی کی جنگ ہے۔

## اداروں کو مضبوط اور صوبائی معیشت بہتر بنانے کیلئے قانون سازی کر رہے ہیں، اشوک کمار

**عنقریب گڈانی شپ بریکنگ یارڈ کا دورہ کرکے زمینی حقائق کا جائزہ لیا جائیگا، اجلاس**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے بلوچستان ڈیولپمنٹ اتھارٹی کا اجلاس چیئرمین ڈاکٹر اشوک کمار کی زیر صدارت ہوا جس میں اراکین کمیٹی کلثوم نیاز بلوچ، صفیہ فضل، سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، ایڈیشنل سیکرٹری عبدالرحمن، ڈائریکٹر بلوچستان ڈیولپمنٹ اتھارٹی کیپٹن (ر) جاوید خان اور ایڈیشنل سیکرٹری قانون سعید اقبال نے شرکت کی اجلاس میں بلوچستان سیف اینڈ انوائرمینٹلی ساؤنڈ ری سائیکلنگ آف شپس بل 2025 کے مسودہ قانون پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا اجلاس میں بتایا گیا کہ یہ بل شپ ری سائیکلنگ انڈسٹری کو عالمی معیارات سے ہم آہنگ، ماحولیاتی تحفظ اور گڈانی شپ ری سائیکلنگ یارڈ کو جدید تقاضوں کے مطابق ترقی دینے کے لیے ترتیب دیا گیا ہے پاکستان کی ہانگ کانگ کنونشن 2009 میں شمولیت کے بعد یہ قانون ایک اہم موقع فراہم کرتا ہے کہ شپ ری سائیکلنگ کے موجودہ طریقہ کار کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنایا جائے بل کے نفاذ سے بلوچستان کی شپ ری سائیکلنگ انڈسٹری عالمی سطح پر مسابقتی، ماحول دوست اور سرمایہ کاری کے لیے موزوں بن جائے گی کمیٹی اراکین نے بل پر تفصیلی مشاورت کے بعد اسے آئندہ اجلاس میں منظوری کے لیے پیش کرنے کی سفارش کی چیئرمین کمیٹی ڈاکٹر اشوک کمار نے کہا کہ ہم بلوچستان کے اداروں کو مضبوط بنانے اور صوبے کی معیشت کو بہتر بنانے کے لیے موثر قانون سازی کر رہے ہیں۔ عنقریب گڈانی شپ بریکنگ یارڈ کا دورہ کرکے زمینی حقائق کا جائزہ لیا جائے گا۔

MASHRIQ QUETTA

## حکومت کاروباری خدمات کو آسان بنانے کیلئے پرعزم ہے، سرمایہ کاری بورڈ

**بلوچستان بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر کاروباری طبقے کیلئے ون ونڈو اسٹاپ پلیٹ فارم ہوگا، وائس چیئرمین**

کوئٹہ (آن لائن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی خصوصی ہدایت پر بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ کی زیر صدارت بلوچستان بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر (BFC) کے قیام کے حوالے سے ایک اہم مشاورتی اجلاس ہوا جس میں پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ (PITB)، بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر اسلام آباد کے نمائندوں ...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے سی ای او قائم شاہ اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی پنجاب آئی ٹی بورڈ کے نمائندوں نے پنجاب میں کاروباری سہولیات اور ڈیجیٹل گورننس کے نظام کے قیام کے تجربات اور تکنیکی ماہرین کی خدمات سے آگاہ کیا اجلاس میں بلوچستان میں بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر کے قیام کے لیے تکنیکی تعاون، ڈیجیٹل انضمام اور معلومات کے تبادلے کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا بلال خان کاکڑ نے اس موقع پر کہا کہ حکومت بلوچستان کاروباری خدمات کو ڈیجیٹل اور آسان بنانے کیلئے پرعزم ہے تاکہ ایک شفاف، موثر اور سرمایہ کار دوست ماحول فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر سرمایہ کاروں اور کاروباری طبقے کیلئے ایک ون اسٹاپ پلیٹ فارم ہوگا، جہاں کاروباری رجسٹریشن، لائسنسنگ اور دیگر خدمات ایک ہی جگہ پر فراہم کی جائیں گی انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس مرکز کے جلد قیام کے لیے پرعزم ہے تاکہ کاروباری سہولت، سرمایہ کاری کے فروغ اور صوبے میں پائیدار اقتصادی ترقی کو یقینی بنایا جا سکے۔

MASHRIQ QUETTA

## ضلعی انتظامیہ کے افسران کا دورہ شہر، اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں کا جائزہ

**دکانداروں کو سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت [illegible] کے موقع پر ہدایت**

کوئٹہ (ن ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ کے افسران نے کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں بازارات اور دیگر اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں کا جائزہ لیا اس موقع پر [illegible] دکانداروں کو ہدایت کی گئی کہ سرکاری نرخنامے پر [illegible] کمشنر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے [illegible] گیا کہ خود ساختہ قیمتیں وصول کرنے والوں ...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ جبکہ تمام دکانداران کو نرخنامہ سرکاری نرخنامہ نمایاں طور پر آویزاں کرنے کی ہدایت کی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر سب ڈویژن سریاب [illegible] نے سریاب روڈ کے مختلف علاقوں میں کاروائیاں کیں، ایڈیشنل مجسٹریٹ سب ڈویژن [illegible] گراں فروشوں کے خلاف کارروائی کر [illegible] جبکہ ایڈیشنل مجسٹریٹ سب ڈویژن صدر حبیب سرپرہ نے [illegible] جناح ٹاؤن اور دیگر مقامات پر کاروائیاں کیں۔ ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے [illegible] یقینی بنائی گئی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 24 OCT 2025 Page No. 13


## حکومت نے ٹریفک انجینئرنگ بیورو کے سروس رولز کی منظوری دیدی

**گرین بس، بی آر ٹی کوئٹہ اور سریاب کچلاک پیپلز ٹرین منصوبے کی نگرانی انجینئرنگ بیورو کریگا**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے کوئٹہ میں ٹرانسپورٹ کے تین اہم منصوبوں کی نگرانی کے لئے ٹریفک انجینئرنگ بیورو کے سروس رولز کی منظوری دے دی۔ محکمہ ٹرانسپورٹ حکام نے بتایا کہ کوئٹہ میں ٹرانسپورٹ کا مسئلہ حل کرنے کیلئے چند سال قبل ٹریفک انجینئرنگ بیورو بنایا گیا تھا لیکن

بقیہ نمبر 70 صفحہ 5 پر

اس بیورو کے سروس رولز نہ ہونے کی وجہ سے یہ فعال نہ ہوسکا۔ انہوں نے بتایا کہ محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے ٹریفک انجینئرنگ بیورو کیلئے بنائے گئے سروس رولز کی صوبائی کابینہ نے منظوری دے دی ہے جس کے بعد کوئٹہ میں ٹریفک انجینئرنگ بیورو کو فعال کردیا گیا کوئٹہ میں گرین بس منصوبے، بی آر ٹی کوئٹہ، سریاب کچلاک پیپلز ٹرین منصوبے کی نگرانی ٹریفک انجینئرنگ بیورو کرے گی۔

## کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کیلئے ریٹرننگ افسران کی تقرری

اسلام آباد (آن لائن) ضلع کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کیلئے الیکشن کمیشن نے ریٹرننگ افسران، ڈی آر اوز کی تقرری کردی۔ الیکشن کمیشن نے نوٹیفکیشن جاری کردیا، کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کے لئے ایک ڈی آر او 17 آر اوز جبکہ 34 اے آر اوز کی تقرری کی گئی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 24 OCT 2025 Page No. 14


# صوبے کے مسائل سنگین، حکمران اقتدار کی رسہ کشی میں مصروف ہیں، مولانا واسع

## صوبے کا نوے فیصد علاقہ نوگوایریا بن چکا ہے، امن وامان کی صورتحال تباہ حالی کی تصویر پیش کررہی ہے، استحکام جمعیت کانفرنس سے خطاب

**صوبائی امیر کے استقبال کیلئے گلی کوچوں میں عوام کا جم غفیر، قافلے پر پھولوں کی پتیاں نچھاور، سیکورٹی کا انتظام انصار الاسلام نے سنبھالا**

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام ضلع پشین کے زیراہتمام ضلع برشور میں استحکامِ جمعیت کانفرنس نہایت شاندار اور تاریخی انداز میں منعقد ہوئی، یہ اجتماع اپنی نوعیت کا بےمثال مظاہرہ تھا۔ اس کانفرنس کے مہمانِ خصوصی صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع تھے، جن کے ہمراہ صوبائی مجلسِ عاملہ کے اراکین، ارکانِ اسمبلی، قبائلی عمائدین، سیاسی رہنما اور مختلف مکاتبِ فکر کے معززین شریک ہوئے۔ صوبائی امیر کے استقبال کے لیے پشین اور برشور کے گلی کوچوں میں عوام کی جم غفیر موجود تھے۔ انصار الاسلام کے چاک و چوبند دستوں نے ضلعی انتظامیہ کے ہمراہ سیکورٹی کے غیر معمولی انتظامات کیے، جب کہ قافلے کی آمد پر کارکنان نے پھولوں کی پتیاں نچھاور کرتے ہوئے اپنے صوبائی امیر کا والہانہ استقبال کیا۔ بعدازاں صوبائی امیر کا قافلہ سیکڑوں گاڑیوں کے جلوس کے ہمراہ جلسہ گاہ پہنچا، جہاں فضا اللہ اکبر کے نعروں سے گونج اٹھی اور ہر سمت جوش وجذبے کا عالم طاری ہوگیا۔ اپنے پرمغز اور مدلل خطاب میں مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام اس صوبے کی حقیقی ترجمان، عوامی نبض اور دینی اساس رکھنے والی واحد سیاسی قوت ہے، جس نے ہر دور میں عوامی مفادات کے تحفظ، امن و استحکام، اور وسائل کے دفاع میں بنیادی کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج صوبے کا نوے فیصد علاقہ نوگوایریاز میں تبدیل ہوچکا ہے، امن وامان کی صورتحال تباہ حالی کی تصویر پیش کر رہی ہے، اور اس کے باوجود حکومت کی بےحسی کا یہ عالم ہے کہ وہ انتظامی معاملات میں ناکام تجربات دہرانے میں مصروف ہے۔ لیویز فورس کو پولیس میں ضم کرنے کا فیصلہ دراصل ماضی کی ناکام پالیسیوں کا اعادہ ہے، جو صوبے کے حالات کو مزید ابتری کی جانب دھکیل دے گا۔ مولانا عبدالواسع نے کہا کہ حکومتی اراکین عوامی خدمت کے بجائے اقتدار کی کرسی کے حصول کے لیے رسہ کشی میں مصروف ہیں، جس کے باعث صوبے کے مسائل دن بہ دن سنگین تر ہوتے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پشین کے عوام اس لحاظ سے خوش نصیب ہیں کہ ان کے نمائندے کی فہم وبصیرت کے بغیر ملکی سیاست کا کوئی باب مکمل نہیں ہوتا۔ یہ خطہ جمعیت کا ناقابلِ تسخیر قلعہ ہے، جو ماضی میں بھی قائم تھا، آج بھی مضبوط ہے، اور مستقبل میں بھی استقامت کی علامت بن کر رہے گا۔

# حکمرانوں سے بلوچستان لانگ مارچ کے مطالبات منوائیں گے، ہدایت الرحمٰن

**بلوچستان میں جبری گمشدگیوں، بارڈر بندش، بے روزگاری سمیت دیگر مسائل پر آواز بلند کریں گے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کے کل پاکستان اجتماع عام منعقدہ 21، 22، 23 نومبر لاہور میں بلوچستان سے ہزاروں مرد و خواتین شرکت کریں گے، اجتماع عام میں دنیا بھر کی اسلامی تنظیموں کے قائدین شرکت کریں گے، امرائے اضلاع برادر تنظیمات و ہر سطح کے ذمہ داران اجتماع عام کی تیاری تیز کردیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں مرکزی اجتماع عام لاہور کی تیاریوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امراء زاہد اختر بلوچ، حافظ نور علی، مولانا محمد عارف دمڑ، پروفیسر سلطان محمد کاکڑ، ڈاکٹر محمد ابراہیم، عبدالمجید سربازی، نورالدین غلزئی، طیب فرید خان، اعجاز محبوب، عبدالولی خان شاکر، اسامہ ہاشمی، روح اللہ سالاررود دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں مالیات، ٹرانسپورٹ، تشہیری مواد، میڈیا، سوشل میڈیا، خدمت کمیٹی برادر تنظیمات، شعبہ خواتین کمیٹی کے کام کے حوالے سے مشاورت اور تقسیم کار ہوا۔ اجلاس سے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ و دیگر ذمہ داران نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 21، 22، 23 نومبر کو مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمٰن کی قیادت میں مینار پاکستان کے سائے تلے بلوچستان کا مقدمہ پیش کریں گے۔ اسلام آباد کے حکمرانوں سے بلوچستان لانگ مارچ کے مطالبات منوائیں گے، بلوچستان میں جبری گمشدگیوں، لاپتہ افراد کی بازیابی، بارڈر بندش، بے روزگاری اور بدامنی ختم کرنے سمیت دیگر مسائل پر آواز بلند کریں گے۔

# افغان کڈوال کو واپس بھیجنے کے نام پر روایات کی پامالی قابل مذمت ہے، پشتونخوامیپ

**پولیس، ایف سی اور بعض سماج دشمن عناصر انکی جائیداد اور سامان کوڑیوں کے دام خریدنے میں سرگرم ہیں**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں افغان کڈوال عوام کو افغانستان واپس بھیجنے کے نام پر پولیس، ایف سی کی کارروائی اور سماج دشمن عناصر کی زبردستی گھروں میں گھسنے، نوزائیدہ بچوں کو پاؤں تلے روند کر حق زندگی سے محروم کرنے اور تمام انسانی اسلامی اور پشتون روایات اور اقدار کی پامالی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے یہ سلسلہ فوری بند کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ میں پولیس، ایف سی اور بعض سماج دشمن عناصر افغان کڈوال کے مکانات، گھریلو ضرورت کا سامان کوڑیوں کے دام خریدنے کے ناروا عمل میں سرگرم ہیں جبکہ واپسی کی تیاریوں میں مصروف افغان کڈوال عوام کی نقدی، زیورات اور گھریلو قیمتی سامان لوٹتے اور ٹرکوں میں لوڈ کرتے ہیں لیکن پولیس تھانوں میں ایف آئی آر کرنے کے بعد بھی کوئی شنوائی نہیں ہوتی۔ ان کارروائیوں کے نتیجے میں گزشتہ روز دیدہ دلیری سے مختلف گھروں میں گھس کر تین نوزائیدہ بچوں کو پاؤں تلے روند کر ہلاک کیا گیا۔ قمبرانی روڈ، کرانی، سبزل روڈ، مسلم اتحاد کالونی، غوث آباد کوئٹہ شہر کے دیگر علاقوں میں یہ عمل جاری ہے۔ جو لوگ افغانستان جاتے ہیں راستے میں انہیں رشوت کے نام پر لوٹا جاتا ہے، اس ناروا عمل کا خاتمہ ضروری ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ 40 سال گزارنے کے بعد بین الاقوامی قوانین کے تحت انہیں یہاں کی شہریت دی جاتی لیکن جس مسلط لوگوں کے ذریعے لوٹ کھسوٹ، کرپشن، رشوت کے ناسور سے ملک کو دیوالیہ کیا گیا ہے انہی کے ہاتھوں افغان کڈوال عوام اور دیگر عوام کی چادر اور چاردیواری کی پامالی سرعام جاری ہے۔ ملکی دستاویز رکھنے والے مقامی پشتونوں کی پکڑ دھکڑ بھی جاری ہے اور یہ تمام کام مبینہ طور پر پولیس اور ایف سی کر رہی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ چیف سیکرٹری، سیکرٹری داخلہ، آئی جی پولیس اور آئی جی ایف سی نے اس کا سنجیدگی سے نوٹس نہ لیا اور کارروائی نہ کی تو پارٹی عوام کی تائید و حمایت سے سخت احتجاج کی راہ اپنائے گی جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔

# قدرتی وسائل صوبے کو پسماندگی سے نکال سکتے ہیں، لشکری رئیسانی

**اگر لوٹ مار ہوئی تو ہماری آئندہ نسلیں ملٹی نیشنل کمپنیوں کی نوکری تو کرسکتی ہیں اپنی سرزمین کی مالک نہیں ہوسکتیں**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ قدرتی وسائل صوبے کو پسماندگی سے نکال سکتے ہیں اگر ان کی لوٹ مار ہوئی تو ہماری آئندہ نسلیں ملٹی نیشنل کمپنیوں کی نوکری تو کرسکتی ہیں اپنی سرزمین کے مالک نہیں ہوسکتے۔ سیاست ہمیں اس بات کا درس دیتا ہے کہ آئندہ نسلوں کی خوشحالی کیلئے اپنے آج کو قربان کریں۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو بلوچستان ہائی کورٹ میں مائنز اینڈ منرلز ایکٹ 2025ء کے خلاف دائر آئینی درخواستوں کی سماعت کے بعد صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے سیاسی کارکنوں سول سوسائٹی کے تعلق رکھنے والے افراد کا سینکڑوں کی تعداد میں عدالت آمد پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ مائنز اینڈ منرلز ایکٹ 2025ء کے خلاف ہماری سیاسی و آئینی جنگ آئندہ نسلوں کی بقاء، خوشحالی کی جنگ ہے۔ انہوں نے کہا کہ تصور کیا جائے کہ آئندہ نسلوں کے وسائل کو لوٹا جائے اور وہ اپنے حقوق سے محروم ہوں تو ہماری آج کی نسل اور سیاسی لوگوں سے متعلق کیا ان کی کیا راہ ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ یہ اہم ترین کیس ہے بلوچستان کے قدرتی وسائل ہی ہماری ترقی کے ضامن ہوسکتے ہیں، قدرتی وسائل صوبے کو پسماندگی سے نکال سکتے ہیں اگر ان کی لوٹ مار ہوئی تو ہماری آئندہ نسلیں ملٹی نیشنل کمپنیوں کی نوکری تو کرسکتی ہیں اپنی سرزمین کے مالک نہیں ہوسکتے۔ انہوں نے کہا کہ اکثر لوگوں کی خواہشات ہوتی ہوں گی کہ وہ کسی منصب پر یا پارلیمنٹ میں آئیں لیکن سیاست ہمیں اس بات کا درس دیتا ہے کہ آئندہ نسلوں کی خوشحالی کیلئے اپنے آج کو قربان کریں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 24 OCT 2025 Page No. 15


# مغوی ڈی ایس پی نوشکی کی تشدد زدہ لاش کردگاپ سے برآمد

**سر، سینے اور جسم کے دیگر حصوں پر گولیاں ماری گئیں**

## پانچ روز قبل محمد یوسف ریکی اغواء کے وقت اپنی اہلیہ سے موبائل پر گفتگو کر رہے تھے، اپنے روکے جانے کی اطلاع اہلیہ کو دی تھی

**کردگاپ کے پہاڑی علاقے میں سرچ آپریشن جاری تھا کہ جمعرات کی صبح ان کی لاش مل گئی، نماز جنازہ میں گورنر، کمانڈر 12 کور اور دیگر حکام کی شرکت**

کوئٹہ/مستونگ/نوشکی (اسٹاف رپورٹر/نامہ نگاران) کردگاپ کوتل شپک سے پانچ روز قبل اغوا ہونے والی نوشکی کے ڈی ایس پی کی تشدد زدہ لاش گرگینہ کلی شربت خان سے برآمد ہوگئی پولیس لائن کوئٹہ میں نماز جنازہ ادا کی گئی نماز جنازہ میں گورنر، صوبائی وزیر، کمانڈر 12 کور، آئی جی پولیس سمیت سول و ملٹری افسران نے شرکت کی۔ پولیس ذرائع کے مطابق 19 اور 20 اکتوبر کی درمیانی شب ڈی ایس پی نوشکی محمد یوسف ریکی گاڑی میں نوشکی سے اپنے گھر سوراب جا رہا تھا کہ کردگاپ کوتل کلی شپک کے قریب اپنی اہلیہ سے فون پر بات کرتے ہوئے اسے روکا گیا اور اس نے اپنی اہلیہ کو بتایا کہ اسے مسلح افراد نے روک لیا ہے اس کے بعد ان کا فون بند ہو گیا تھا۔ ذرائع نے بتایا کہ مغوی کی اہلیہ نے ایس پی نوشکی کو محمد یوسف ریکی کے اغوا کے بارے میں آگاہ کیا تھا ذرائع نے بتایا کہ مغوی ڈی ایس پی کی بازیابی کیلئے سیکورٹی فورسز کردگاپ کوتل اور کلی شپک کے پہاڑی علاقے میں سرچ آپریشن جاری تھا کہ جمعرات کی صبح ڈی ایس پی محمد یوسف ریکی کی لاش گرگینہ کلی شربت خان برآمد ہوئی اغوا کاروں نے مقتول کو سر، سینے اور جسم کے دیگر حصوں پر گولیاں مار کر انہیں قتل کرنے کے بعد لاش پھینک کر فرار ہو گئے۔ ایس ایچ او کردگاپ تھانہ غلام سرور نے بتایا کہ لاش چند گھنٹے پرانی معلوم ہوتی ہے اور اسے قانونی کارروائی کے لیے کوئٹہ منتقل کیا کر دیا گیا ہے۔ کوئٹہ میں پوسٹ مارٹم کے بعد میت کو پولیس لائن کوئٹہ لے جایا گیا جہاں مقتول کی نماز جنازہ ادا کی گئی نماز جنازہ میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان، صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر خان، ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز گورایہ سمیت سول و ملٹری افسران کی ایک تعداد نے شرکت کی۔ مقتول ڈی ایس پی محمد یوسف ریکی نوشکی میں بطور سب ڈویژنل پولیس افسر (ایس ڈی پی او) تعینات تھے۔ کلی شربت خان کے قریب انکی تشدد زدہ لاش ملنے کی اطلاع ایس ایچ او کردگاپ نے نوشکی پولیس کو دی اور ان کی میت میر گل خان نصیر ٹیچنگ ہسپتال نوشکی لائی گئی۔ بعد ازاں نوشکی سے پولیس لائن کوئٹہ لے جائی گئی۔ اور نماز جنازہ کے بعد میت کو آبائی علاقے کیلئے روانہ کر دیا گیا۔

## دشت میں سرچ آپریشن

## بھاری تعداد میں غیر قانونی

## اسلحہ برآمد ہونے پر 3 افراد گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ پولیس کا دشت کلی زین میں سرچ آپریشن تین افراد کو گرفتار کر کے بھاری تعداد میں غیر قانونی اسلحہ قبضے میں لے لیا پولیس کے مطابق شالکوٹ سرکل پولیس نے گزشتہ شب دشت کے علاقے کلی زین میں سرچ آپریشن کیا اس دوران کلی کو جانے والے راستوں کو بند کر دیا گیا تھا آپریشن کے دوران بھاری تعداد میں اسلحہ برآمد ہونے پر تین افراد مزل خان، نجیب اللہ اور مقصود احمد کو گرفتار کر لیا۔

## گنداواہ: زمین اور آب سیاہ کی ملکیت کے تنازعہ پر دو فریقین کے درمیان شدید فائرنگ

**علاقے میں خوف و ہراس کی فضاء، ضلعی انتظامیہ نے موقع پر پہنچ کر مورچے خالی کروالیے اور فائرنگ کا تبادلہ رکوادیا**

گنداواہ (نامہ نگار) گنداواہ کے علاقہ میں حالات انتہائی کشیدہ، امن و امان کی صورت حال مخدوش، فریقین کی ایک دوسرے پر جدید اسلحہ سے شدید فائرنگ سے عوام میں خوف ہراس کی فضا چھائی ہوئی ہے اور عوام محصور ہو کر رہ گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق گنداواہ سے ملحق علاقہ پولیس تھانہ کوٹڑو کی حدود میں کافی عرصہ سے جاری زمین اور آب سیاہ کی ملکیت کے تنازعہ پر دو فریقین کے درمیان جاری تصادم میں نامعلوم افراد نے مورچہ زن ہو کر ایک دوسرے پر شدید فائرنگ شروع کر دی جس سے پورے علاقہ میں خوف و ہراس کی فضا چھا گئی اور آس پاس کے عوام محصور ہو کر رہ گئے واقعہ کی اطلاع ملنے پر مقامی ضلعی انتظامیہ اور پولیس موقع پر پہنچ گئی اور مورچہ خالی کرا کر فائرنگ کا تبادلہ رکوادیا۔ تاہم فائرنگ سے کوئی جانی مالی نقصان نہیں ہوا اور نہ ہی کوئی گرفتاری عمل میں لائی گئی ہے۔ دریں اثنا گنداواہ اور گرد و نواح کے معتبرین نے اعلیٰ حکام سے صورت حال کا نوٹس لینے اور علاقہ کے قبائلی عمائدین سے امن و امان برقرار رکھنے کے لیے فریقین کے درمیان ثالثی کا کردار ادا کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## ژوب' چوروں کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق

**چوروں نے مال مویشی لوٹنے کی کوشش کی مزاحمت پر فائرنگ سے محیب شاہ موقع پر ہلاک ہوگیا**

ژوب (آن لائن) چوروں کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق کلی مینا بازار میں نوجوان محیب شاہ ولد خان میرا اپنے گاؤں شنہ سزئی مینا بازار میں مال مویشی چرا رہا تھا کہ چوروں نے مال مویشی لوٹنے کی کی کوشش کی نوجوان نے مزاحمت کی جس پر چوروں نے ان پر فائرنگ کی جس سے وہ موقع پر دم توڑ گیا اہل علاقہ کے مطابق چوروں کیساتھ سفید فیلڈر گاڑ......


بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر


ی تھی جو فرار ہو گئے لاش سول ہسپتال منتقل کر دی گئی۔


INTEKHAB QUETTA


## حب سٹی پولیس کی

## کارروائی 5 جواری گرفتار

حب (نمائندہ انتخاب) حب سٹی پولیس کی کاروائی 5 جواری گرفتار داپر لگی رقم اور تاش برآمد مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش


بقیہ نمبر 13 صفحہ 5 پر


شروع کر دی اس حوالے سے بتایا جاتا ہے کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر حب سید فاضل شاہ بخاری کی ہدایت پر ایس ایچ او حب سکندر سعید عمرانی نے دیگر پولیس اہلکاروں کے ہمراہ گزشتہ روز جوا کے اڈے پر چھاپہ مار کاروائی کرتے ہوئے پانچ جواریوں سردار محمد، لکھمیر خان، نور اللہ، امین خان اور معیب خان کو گرفتار کر کے داپر لگی رقم اور جوا کھیلنے والی تاش کے پتے برآمد کر کے زیر حراست ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔

## وندر، ڈام بندر سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد

سونمیانی وندر (نمائندہ انتخاب) ساحلی علاقے ڈام بندر سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد۔ ڈام پولیس کے مطابق پانچ


بقیہ نمبر 12 صفحہ 5 پر


کے بنے کمرے سے شدید بد بو آنے پر مقامی لوگوں نے ڈام پولیس کو اطلاع دی۔ پولیس موقع پر پہنچی اور ایدھی فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کو طلب کیا۔ کمرے کی تلاشی کے دوران ایک نامعلوم شخص کی نعش برآمد ہوئی۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق متوفی بنگالی نژاد ماہی گیر بتایا جا رہا ہے جو لکڑی نما کمرے میں رہائش پذیر تھا۔ پولیس نے ضابطے کی ضروری کارروائی کے بعد لاش کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے ایدھی سرد خانہ سہراب گوٹھ کراچی منتقل کر دیا۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 8

Dated: 24 OCT 2025 Page No. 16


# گورنمنٹ مڈل سکول قربان کالونی کی خستہ حال عمارت طلبہ کو مشکلات کا سامنا

**کلاس رومز کی کمی ، بلڈنگ کی ٹوٹ پھوٹ کے باعث طلبہ نیچے تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں**

**تعداد زیادہ ہونے کے باوجود طلبہ کمروں سے محروم ہیں کئی بار درخواست گزاری تال کچھ نہیں ہو**

اوستہ محمد (نمائندہ مشرق) اوستہ محمد گورنمنٹ مڈل اسکول قربان کالونی کے ہیڈ ماسٹر محمد ساجد علی جمالی نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ تعلیمی وتدریسی عمل بہتر طریقے سے جاری ہے، تاہم اسکول کی عمارت خستہ حال ہونے کے باعث طلبہ کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کلاس رومز کی کمی اور بلڈنگ کی ٹوٹ پھوٹ کے باعث طلبہ چپروں کے نیچے تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں حالانکہ طلباء کی تعداد زیادہ ہونے کے باوجود طلبہ کا کمروں سے محروم ہیں اس حوالے سے کئی بار حکام کام بالا کو درخواست گزاری کی لیکن تال کچھ نہیں ہوا جس سے اساتذہ اور طلبہ میں سخت مایوسی پھیل رہی ہے۔ ہیڈ ماسٹر نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ اسکول کی عمارت کی فوری مرمت اور نئے کمروں کی تعمیر کے احکامات جاری کیے جائیں تاکہ بچوں کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کیا جا سکے۔ اس موقع پر دیگر اساتذہ کرام بھی موجود تھے۔

## چمن پسنجر ٹرین سروسز کی دس روزہ معطلی سے عوام پریشان

**ٹرین کی بندش سے عوام محفوظ وسستا ذریعہ آمد ورفت سے محروم ہیں، اے کیو ایم کا بحالی کا مطالبہ**

کوئٹہ (یو این اے) چمن پسنجر ٹرین کی مسلسل دسویں روز معطلی سے کوئٹہ تا چمن سفر کرنے والے ہزاروں مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ 145 کلومیٹر کے اس روٹ پر روزانہ ہزاروں افراد سفر کرتے ہیں جو ٹرین کو ایک محفوظ، آرام دہ اور سستا ذریعہ آمد ورفت سمجھتے ہیں۔ افغان قومی موومنٹ (AQM) کے ترجمان نے اپنے بیان میں محکمہ ریلوے کے اعلیٰ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ چمن پسنجر ٹرین کو فوری طور پر روزانہ کی بنیاد پر بحال کیا جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

۔ان کا کہنا تھا کہ ٹرین کی بندش سے عوام کو بائی روڈ سفر پر مجبور ہونا پڑ رہا ہے، جو نہ صرف مہنگا بلکہ خطرناک بھی ہے۔ ریلوے حکام کے مطابق، ٹرین سروس یارڈ کی موجودہ صورتحال کے باعث معطل کی گئی تھی، تاہم اب حالات معمول پر ہیں۔ واضح رہے کہ دیگر ٹرینیں، جن میں جعفر ایکسپریس اور بولان میل شامل ہیں، اپنی معمول کی آمد ورفت کے مطابق چل رہی ہیں۔ اے کیو ایم نے کہا کہ عوامی مشکلات کے پیش نظر چمن پسنجر ٹرین کی فوری بحالی ناگزیر ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC
ELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

o. 6 Dated: 24 OCT 2025 Page No. 17

# نامعلوم افراد نے مستونگ کی تحصیل دشت سے 9 مزدور اغواء کرلیا

بلوچستان کے ضلع مستونگ کی تحصیل دشت کے علاقے سیاہ پشت میں گزشتہ شب زیر تعمیر چیک پوسٹ پر کام کرنے والے 9 مزدوروں کو نامعلوم مسلح افراد نے اغوا کرلیا۔ واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس کی فضا قائم ہوگئی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق، مزدور چیک پوسٹ کی تعمیر میں معروف تھے کہ اچانک مسلح افراد جدید اسلحے سے لیس ہو کر موقع پر پہنچے، مزدوروں کو یرغمال بنایا اور زبردستی اپنے ساتھ نامعلوم مقام پر لے گئے۔ اغوا ہونے والے مزدوروں میں سندھ کے رہائشی عطا محمد، علی نواز، نظر، حیدر اور یاسین شامل ہیں جبکہ چار دیگر مزدوروں کی شناخت تاحال معلوم نہیں ہو سکی۔ اطلاع ملتے ہی لیویز اور پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی، علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے۔ تاہم آخری اطلاعات تک اغوا کاروں کا کوئی سراغ نہیں مل سکا۔ ذرائع کے مطابق، اغوا کاروں کی تلاش کے لیے حساس اداروں کی ٹیموں کو بھی طلب کر لیا گیا ہے، جبکہ واقعے نے مقامی مزدور برادری اور تعمیراتی کمپنیوں میں سخت خوف و بے چینی پیدا کر دی ہے۔ سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے علاقے دالبندین میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 6 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان میں دہشتگردی کے خاتمے اور امن و امان کے قیام کے لیے فورسز کی مؤثر کارروائیاں جاری ہیں۔ دالبندین میں کی جانے والی حالیہ کارروائی میں فتنہ الہندوستان کی تشکیل کا مکمل طور پر قلع قمع کیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ دہشتگرد پہاڑی غار میں پناہ لیے ہوئے تھے، جن پر فضائی نگرانی کے ذریعے مسلسل نظر رکھی گئی۔ سیکیورٹی فورسز نے موزوں وقت پر انہیں مؤثر طریقے سے نشانہ بنایا۔ یہ کامیابی سیکیورٹی فورسز اور خفیہ اداروں کے درمیان بہترین ہم آہنگی اور مؤثر رابطے کا نتیجہ ہے۔ سیکیورٹی ذرائع نے مزید کہا کہ بلوچستان میں دہشتگردی کے خاتمے تک فورسز کی جانب سے حفاظتی اقدامات جاری رہیں گے۔ بلوچستان کے ضلع نوشکی کے علاقے غریب آباد میں بدھ کے روز نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے دو پولیس اہلکار جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق دونوں اہلکار معمول کی گشت پر تھے جب گھات لگائے حملہ آوروں نے ان پر اندھا دھند فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں دونوں موقع پر ہی شہید ہو گئے۔ واقعے کے بعد ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، جبکہ علاقے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا۔ اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا۔ جاں بحق اہلکاروں کی لاشوں کو قریبی اسپتال منتقل کر کے پوسٹ مارٹم کیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق، یہ حملہ پولیس فورس کو خوفزدہ کرنے اور امن و امان کی صورتحال خراب کرنے کی سازش ہو سکتی ہے۔ واقعے کی تحقیقات جاری ہیں اور قریبی سی سی ٹی وی فوٹیج اور عینی شاہدین کے بیانات حاصل کیے جا رہے ہیں۔ علاقائی سیاسی و سماجی حلقوں نے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ حملہ آوروں کو فوری گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: QUDRAT QUETTA

llet No. 6

Dated: 24 OCT 2025 Page No. 18


# بلوچستان اسمبلی، پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کی ایک دوسرے پر تنقید

بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں پاکستان پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے ارکان کی ایک دوسرے پر تنقید، دونوں جماعتوں کی ایک دوسرے کی حکومتوں کا ساتھ نہ دینے پر حکومتوں کے خاتمے کی دھمکی دے دی، اپوزیشن کا واک آؤٹ اور کورم کی نشاندہی، بلوچستان اسمبلی کا اجلاس بدھ کو اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت شروع ہوا۔ اجلاس میں قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری نے نقطہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کراچی چمن شاہراہ کو دو رویہ کرنے کا کام ست روی کا شکار ہے وزیر اعظم میاں شہباز شریف نے 3 سال پہلے کوئٹہ کراچی شاہراہ کا افتتاح کیا تھا مگر آج تک نہیں بن سکی اگر کمپنی کام نہیں کر سکتی تو اس فارغ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نے ڈیڑھ سال میں روڈ مکمل کرنے کی ہدایت کی تھی جن علاقوں میں حالت خراب ہے وہاں کام ہو رہا ہے اور جہاں ٹھیک ہیں وہاں کام نہیں ہو رہا ہے، کنسٹرکشن کمپنی بہتر کام نہیں کر رہی ہیں اب تو پرانے روڈ کی حالت بھی ابتر ہو گئی ہے۔ جس پر اسپیکر نے رولنگ دی کہ آئندہ ہفتے این ایچ اے کے حکام اور ٹھیکیدار کو طلب کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ حالات بہتر ہوتے ہی قومی شاہراہ کی تعمیر کا کام تیز ہو جائے گا وزیر اعظم بلوچستان کی ترقی کیلئے بہت سنجیدہ ہیں۔ صوبائی وزیر میر صادق عمرانی نے کہا کہ وفاقی حکومت بلوچستان کو کوئی اہمیت نہیں دے رہی ہے اگر پیپلز پارٹی چاہے تو وفاقی حکومت ایک منٹ میں ختم ہو سکتی ہے وفاقی حکومت پیپلز پارٹی سے کئے گئے وعدے پورے نہیں کر رہی ہے، اس ایشوز پر بات کرنے کیلئے ایک دن مقرر کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایک وفد بنا کر اسلام آباد جائیں اور وفاقی حکومت سے بلوچستان کے مسائل پر بات کی جائے میں برکت رند کے گھر پر حملے کی مذمت کرتا ہوں۔ پیپلز پارٹی کے رکن حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ رکن اسمبلی برکت رند کے گھر پر فائرنگ بلوچ پشتون روایات کے خلاف ہے فائرنگ میں ملوث افراد جلد اپنے انجام کو پہنچیں گے۔ رکن اسمبلی مولوی نور اللہ نے کہا کہ کوئٹہ سے ژوب سی پیک روڈ کے لئے 56 ارب روپے کا منصوبہ ہے 56 ارب کے منصوبے کے لئے 56 کروڑ جاری کرنا مذاق ہے وفاقی حکومت تو بلوچستان کو کسی کھاتے میں نہیں لاتی ہے وفاق نے صرف صوبے کے وسائل پر نظر رکھی ہوئی ہیں ہم حیران ہیں کہ را صرف بلوچستان کو نشانہ بنا رہا ہے پنجاب میں را خاموش ہے۔ جمعیت علماء اسلام کے رکن میر زابد علی ریکی نے کہا کہ سیکورٹی ایکسچینج ایجنسی میں بلوچستان کے ایک نوجوان کو بھرتی کیا گیا ایک ہفتے بعد اسے شوکاز نوٹس دے دیا گیا۔ جس پر اسپیکر نے رولنگ دی کہ میں اس معاملے پر سیکورٹی ایکسچینج ایجنسی کے حکام سے بات کروں گا۔ جمعیت علماء اسلام کی رکن شاہدہ رؤف نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے وزراء مرکز میں حکومت کے اتحادی ہیں بلوچستان میں دونوں اتحادی جماعتیں ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کی کوشش کر رہی ہیں یہ ایک دوسرے کے خلاف اپوزیشن کا کردار ادا کر رہے ہیں ہمیں پہلے اپنی کمزوریاں دیکھنا ہوں گی پھر وفاق کے پاس جانا چاہیے جب وزیر اعلیٰ بلوچستان ایوان میں ہوتے ہیں ایوان درست چلتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کی سڑکوں کی حالت ابتر ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری برکت رند نے کہا کہ میرے گھر پر تیسری مرتبہ حملہ کیا گیا ہے جس نے مارنا ہے تو مجھے ماریں لیکن بچوں، گھر پر حملہ بلوچی روایات نہیں ہے اب بلوچی روایات ختم ہوتی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میرے گھر پر فائرنگ کی گئی تین موٹر سائیکلوں پر چھ بندے آئے جنہوں نے فائرنگ کی، میرے گھر پر فائرنگ کا سلسلہ ایک گھنٹے تک جاری رہا، مسلح افراد کے خلاف ضلعی انتظامیہ کارروائی کرے مسلم لیگ (ن) کے رکن زرک خان مندوخیل نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہماری اتحادی ہے اور جے یو آئی ف ہمارے ساتھ ہے بلوچستان کے مسائل پر ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ ملکر چلنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ن لیگ اور پیپلز پارٹی حکومت کا حصہ ہیں، ہماری جماعت پر اس طرح تنقید کرنا درست نہیں، اگر ن لیگ بلوچستان حکومت سے نکل جائے تو یہاں آپ کی حکومت بھی نہیں رہے گی۔ اجلاس میں رکن اسمبلی ڈاکٹر اشوک کمار نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی اقلیتی برادری میں کرسچن برادری کو نظر انداز کیا جا رہا ہے اقلیتوں کے لیے جاری فنڈز کی بھی تحقیقات کی جائیں۔ پارلیمانی سیکرٹری سنجے کمار نے کہا کہ بلوچستان میں کرسچن برادری کو نظر انداز کی بات درست نہیں کیا گیا مستحق کرسچن برادری کی امداد کے چیک تیار ہیں جلد دے دیں۔ صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو نے کہا کہ مند میں برکت رند کے گھر پر حملہ افسوس ناک ہے، ایسے واقعات کا تدارک نہ کیا گیا تو صوبے میں خانہ جنگی کی صورتحال پیدا ہو گی۔ وزیر اعلیٰ کی مشیر مینہ مجید نے کہا کہ وہ ہندو برادری کو دیوالی کی مبارکباد پیش کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ برکت رند کے گھر پر حملہ قابل مذمت اور روایات کے منافی ہے۔ صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ رکن اسمبلی برکت رند کے گھر پر پولیس اہلکار تعینات کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاق پر باجواز تنقید نامناسب ہے مولوی نور اللہ کے حلقے میں وفاقی حکومت دانش اسکول بنا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں سریاب روڈ، سمنگلی روڈ سمیت دیگر سڑکیں تعمیر اور توسیع کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہر کی سڑکوں کی حالت بہتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کو مسلم لیگ (ن) کے ہر حوالے سے سپورٹ دیا ہے کئی بار ہماری قیادت کو تنقید کا نشانہ بنایا گیا بلوچستان میں وزیر اعلیٰ پیپلز پارٹی کا ہے اگر کسی کو شکوہ ہے تو وہ ان سے تحفظات کا اظہار کریں وفاق پر تنقید بلاجواز ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی نے مشترکہ جدوجہد کی ہے آئندہ بھی صوبے کے حقوق کی مشترکہ جدوجہد کریں گے۔ اجلاس میں وقفہ سوالات متعلقہ وزیر کی عدم موجودگی کے باعث موخر کر دیا گیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 8 Dated: 24 OCT 2025 Page No. 19

# صوبائی دارالحکومت میں سبزیوں کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ!

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ جہاں دیگر بڑے مسائل کا شکار ہے وہاں ایک بڑا اہم مسئلہ یہاں ہوشربا مہنگائی ہے۔ جو کہ پہلے سے موجود تھی لیکن حالیہ دنوں میں دیگر اشیاء خوردونوش کے ساتھ سبزیوں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگی ہیں۔ اس کی وجہ سے عوام میں بڑی پریشانی پائی جارہی ہے۔ عوام نے اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں اضافے کا ذمہ دار ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کو قرار دیتے ہوئے اس کے خاموش تماشائی بننے کی شکایت کررہے ہیں جو کہ یقیناً ان کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ اب یہاں مہنگائی کا یہ عالم ہے کہ کوئی بھی شے جن میں سبزیاں، گوشت، دالیں، آٹا اور پھل شامل ہیں۔ ان کی خریداری اب ایک غریب آدمی کی دسترس سے باہر ہوتی جارہی ہے۔ جو کہ اس کے ساتھ ناانصافی کے مترادف اقدام ہے۔ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں یہ ایک بہت بڑا المیہ ہے کہ یہاں تمام تاجروں کو کھلی چھٹی دی ہوئی ہے وہ اپنی مرضی سے اشیاء خوردونوش کے نرخ مقرر کرکے عوام پر فروخت کرتے ہیں چونکہ یہاں چیک اینڈ بیلنس کا کوئی نظام رائج نہیں ہے اس لیے وہ من مانی کرنے میں آزاد ہیں۔ اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کو ہر صورت میں فعال کرکے کاروائیاں شروع کرنی چاہئیں جو کہ موجودہ حالات میں ناگزیر ہے۔

ایک جانب ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی اپنے فرائض ادا نہیں کررہی جبکہ دوسری جانب بلوچستان فوڈ اتھارٹی شہر بھر میں عوام کی صحت کے تحفظ کے لیے اقدامات کررہی ہے شہر کے مختلف علاقوں میں کاروائیاں کرتے ہوئے مضر صحت گوشت، دودھ، اور دیگر اشیاء فروخت کرنے والوں کو گرفتار اور جرمانے کررہی ہے۔ جو کہ یقیناً قابل تعریف اقدام ہے۔ اس سلسلے میں چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی اور صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ نے بھی گذشتہ روز اپنے ایک بیان میں واضح کیا ہے کہ عوام کی صحت کے ساتھ کھیلنے والوں کو معاف نہیں کیا جائے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 24 OCT 2025 Page No 20

# Balochistan's untapped potential

Balochistan, often recognized for its mineral wealth and strategic coastline, holds a less-celebrated but equally significant title: the "Fruit Basket of Pakistan." Amongst its rich bounty of cherries, peaches, grapes, and pomegranates, the high-quality apple stands out as a jewel with enormous, untapped potential for both the province and the national economy. Districts like Quetta, Killa Abdullah, Pishin, Mastung, Kalat, and Killa Saifullah produce apples that could command a high price in the international market, yet a regrettable lack of system and infrastructure is preventing farmers and the province from reaping this blessing. The challenges facing Balochistan's apple value chain are well-documented, notably highlighted in the 2022 study by JICA, UNIDO, and the Balochistan government. These hurdles are complex and interconnected, choking the flow of high-quality produce to high-end markets. Small farmers, highly dependent on an unchecked middleman, are systematically exploited. This reliance is born out of the failure of the formal system to offer viable alternatives for sale and distribution. Inconsistent and poor grading practices, inefficient transportation, and a severe deficit of cold storage facilities lead to unacceptably high post-harvest losses. The blending of low and good quality fruit for market further devalues the entire crop's reputation. Balochistan lacks adequate apple processing, grading, and packing facilities. Consequently, a minuscule portion of the high-quality apple is converted into lucrative value-added products like pulp, juice, jam, or clear concentrate. The province is essentially exporting raw potential instead of finished wealth. Poor and inadequate road networks compound the problem, making timely and damage-free transportation to national and international markets a major ordeal. The most immediate and high-impact step is to establish and subsidize modern processing, grading, and packing facilities in the key producing districts. This will instantly reduce post-harvest losses, ensure quality consistency, and pave the way for value-added exports. The government must introduce transparent, farmer-centric marketing platforms and significantly increase the number of cold storage facilities. Aggressive steps must be taken to secure better markets at the national and international level. This includes facilitating export licenses, ensuring adherence to global sanitary and phytosanitary standards, and actively participating in international trade fairs to showcase Balochistan's unique, high-quality fruit. The government must now implement reforms to bolster the institutional capacities of the agriculture and trade departments to effectively regulate markets, provide extension services, and guide farmers toward best practices.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 24 OCT 2025 Page No. 21



## پی بی 44 میں ترقی، اور خوشحالی کا راج، نئی تاریخ رقم

بلوچستان کے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کا حلقہ پی بی 44 آج حقیقی معنوں میں ترقی اور خوشحالی کی روشن مثال بن چکا ہے۔ جہاں کبھی محرومی، اندھیرا، پسماندگی اور مایوسی کا راج تھا وہاں آج ترقی کی روشنی ہر سمت پھیل چکی ہے۔ عوامی سروے

رپورٹ: قیوم بلوچ

کے مطابق اس حلقے میں گزشتہ چند برسوں کے دوران جتنا ترقیاتی کام ہوا ہے اس کی مثال پچھلے پچاس سالوں کی تاریخ میں نہیں ملتی۔ میر عبید گورگیج کی قیادت میں علاقے میں ایک نئے

مکینوں کا دیرینہ مسئلہ حل ہو گیا۔ علاقے کے عوام نے خوشی اور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ طویل عرصے سے بجلی کے کم وولٹیج اور لوڈشیڈنگ کے مسائل نے زندگی اجیرن بنا رکھی تھی۔ مکینوں نے میر عبید گورگیج کے حق میں نعرے بازی کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ہمارے ووٹ کا حق ادا کر دیا ہے اور عوامی خدمت کی بہترین مثال قائم کی ہے۔ سریاب کے مکینوں کا کہنا ہے کہ برسوں سے گیس پریشر کے مسئلے نے ان کی زندگی



کرنے کے لیے بھی خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ نوجوانوں کے لیے کھیل کے میدان بحال کیے گئے ہیں، فٹبال اور کرکٹ گراؤنڈز کی تزئین و آرائش کی جا رہی ہے۔ نوجوانوں نے کہا کہ ہمیں اب اپنے علاقے میں کھیلنے اور صحت مند سرگرمیوں میں حصہ لینے کے مواقع مل رہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ Dated: 24 OCT 2025 Page No.________



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سریاب میں پبلک پارک کے قیام کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں